فتویٰ نمبر:[۵۴۵] تاریخ:[۲۰۲۴/۰۶/۲۸]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## سوال

میں نے انڈیا پیسے ٹرانسفر کرنے کے لئے ایک ایپلیکیشن یور پے (ur pay) استعمال کی، ان دنوں اس ایپلیکیشن پہ ٪۵ کیش بیک کی آفر چل رہی تھی یعنی جتنے پیسے ٹرانسفر کئے اس کا ٪۵ ہمارے اکاؤنٹ میں جمع ہو جائیں گے، جو ہم بعد ازاں اگلے ٹرانسفر میں استعمال کر سکتے ہیں، کیا اس کیش بیک کو استعمال کرنا حلال ہے؟

اسی طرح دیگر ملکوں میں جاز کیش، کوئیک پے وغیرہ مختلف ناموں سے مختلف ایپس ہیں، جن میں اس قسم کی آفرز آتی رہتی ہیں، کیا یہ آفرز استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟

## جواب

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده!

اس قسم کی چیزیں 'لائلٹی اسکیم' یا 'ریوارڈز پروگرام' وغیرہ ناموں سے معروف ہیں، جسے اردو میں 'وفاداری اسکیم' اور عربی میں "برنامج الولاء" یا "نظام المکافآت" وغیرہ کہا جاتا ہے۔

یہ در حقیقت ایک مارکیٹنگ ٹول ہے جو خریداروں کو کسی برانڈ یا کاروبار سے دوبارہ سہ بارہ خریداری کی حوصلہ افزائی اور ترغیب کے لیے تشکیل دیا جاتا ہے، گویا اس کا مقصد موجودہ خریداروں کو قائم رکھنا، جبکہ نئے خریداروں کو متاثر کرنا ہوتا ہے۔

اس کا شرعی حکم یہ ہے کہ اگر یہ اسکیم کسی دوکاندار یا تاجر کی طرف سے گاہک اور خریدار کے لیے پیش کی جائے، تو اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ یہ اس کی طرف سے اپنے گاہک کے لیے خریداری پر تحفہ یا خریدی گئی چیز کی قیمت میں ڈسکاؤنٹ کی ایک صورت ہے۔ جیسا کہ شاپنگ مالز سے اشیاء خریدنے پر ڈسکاؤنٹ ملتا ہے، اسی طرح موبائل کمپنیوں سے بیلنس اور پیکجز وغیرہ خریدنے پر کیش بیک ملتا ہے۔ یہ سب جائز ہے، اس میں کوئی حرج نہیں۔

لیکن اگر یہی اسکیم بینک کی طرف سے پیش کی جائے، تو یہ جائز نہیں، کیونکہ اس میں کوئی خریداری نہیں ہوتی، بلکہ محض پیسوں کا لین دین ہوتا ہے، کیونکہ بینک اس قسم کے انعامات اکاؤنٹ کھولنے، اس میں پیسے رکھوانے یا رقم کی ترسیل کے عوض دیتا ہے، جو کہ کسی کو پیسے دے کر اس پر فائدہ حاصل کرنا ہے اور یہ جائز نہیں۔ کیونکہ یہ مسلمہ اصول ہے کہ

"كل قرض جر منفعة فهو ربا". [السنن الصغرى للبيهقي:۴/۳۵۳، آثار المعلمي:۱۸/۴۵۳]

'قرض کے بدلے نفع حاصل کرنا سود ہی ہے'۔

ہمارے علم کے مطابق سوہنی دھرتی پروگرام، جاز کیش، کوئیک پے Quick Pay یور پے UR Pay اور دیگر بینکوں کی طرف سے جو بھی ریوارڈز، انعامات اور کیش بیک دیے جاتے ہیں، وہ سب اسی دوسری قبیل سے ہیں، جو کہ جائز نہیں۔

وآخر دعوانا أن الحمد لله رب العالمين

## مفتیانِ کرام

فضیلۃ الشیخ مفتی عبد الولی حقانی حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ محمد إدریس اثری حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ عبد الحنان سامرودی حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ ابوعدنان محمد منیر قمر حفظہ اللہ

لجنة العلماء للإفتاء
ULAMA FATWA COUNCIL